Biology - 10th Class Biology Urdu Medium Chapter 12 Preparation

Q1. ہارمون کی تعریف لکھیے.

Ans 1: ہارمون سے مرا ایسے پیغام رساں مالیکیول ہےجو کہ اینڈو کرائن گلینڈ میںبنتا ہے.اور پھر وہاں سے خارج ہوتا ہے. اینڈوکرئن گلینڈ ہارمونز کو براہ راست خون میں خارج کرتے ہیں . خون ان ہارمونز کو ٹارگٹ آرگنز یا ٹشوزتک لے جاتا ہے جہاں وہ اپنا کام کرتے ہیں.

Q2. اینڈوکرائن سسٹم کی تعریف کیجیے.

Ans 1: اینڈو کرائن سسٹم ایسا کوآرڈینیشن سسٹم ہے جس میں ایفیکٹر سے رابطہ کے لیے کیمیکلز استعمال کیے جاتے ہیں.یہ کیمیکلز اینڈو کرائن میں پیدا ہوتے ہیں جو بے نالی غدود ہوتے ہیں.

Q3. سٹیمو لائی اور ریسپانس کا موازنہ کریں.

Ans 1: سٹیمو لائی: ایسے عناصر جو جانداروں میں خاص ردعمل پیدا کرتے ہیں. ان عناصر کو سٹیمولائی کہتے ہیں. مثلاً حرارت، سردی، دبائو، آواز کی لہریں، کیمیکلز کی موجودگی ، مائیکرو، آرگنزمز سے ہونے والے انفیکشنز وغیرہ ہیں. ریسپانس: ایفیکٹرز، کوآردی نیٹرز سے پیغامات ملنے پر عمل کرتے ہیں. یہ عمل ریسپانس کہلاتا ہے.مثال کے طور پر بہت گرم چیز اپنا ہاتھ واپس کھینچ لینا اور سورج مکھی کے پھول کی سورج کی جانب حرکت ریسپانسز ہیں.

Q4. سپائنل کارڈ کے دو اہم کام کون سے ہیں.

Ans 1: یہ جسم کے حصوں اور دماغ کے درمیان رابطہ کا کام کرتی ہے.یہ جسم کے حصوں سے نروامپلسز کو دماغ اور دماغ سے نروامپلسز کو جسم کے حصوں تک پہنچاتی ہے. سپائنل کارڈ ایک کوآرڈینیٹر کا کام بھی کرتی ہے اور چند سادہ ریفلیکسز کی ذمہ دار بھی ہے.

Q5. رات کے وقت کتے اور بلی کی آنکھیں کیوں چمکتی ہیں.

Ans 1: رات کےوقت کتے اور بلی کی آنکھیںاس لیے چمکتی ہیں کیونکہ ان کی ہر آنکھ کے پیچھے ایک ٹیپٹم موجود ہوتا ہے. ٹیپٹم روشنی کی ریفلیکٹ کرنے والی ایک پٹی ہے.

Q6. نروس سسٹم کے اجزاء اور اس کے افعال کے علم کی کیا اہمیت ہے.

Ans 1: نروس سسٹم کے اجزاء اور اس کے افعال کے علم نے انسان کو فالج اور مرگی سمیت کئی نروس امراض کی تشخیص اور علاج میںمدد دی ہے. انسان نے دماغ کے وہ حصےدریافت کرلیے ہیں جو مختلف سینس آرگنز سے اطلاعت لیتے ہیں.اور ایسے حصے بھی دریافت کرلیتے ہیں جو ایفیکٹرز کو پیغامات بھیجتے ہیں. یہ علم دماغ کے درست کام نہ کرنے والے حصوں کی شناخت میںبھی مدد دیتا ہے.

Q7. ہائپر میٹروپیا کیا ہے. اسے کیسے درست کیا جاسکتا ہے.

Ans 1: آئی بال کی لمبائی کم ہوجانے سے یہ نقص پیدا ہوتا ہے. ایسے لوگ نزدیک کی چیزوں کو صاف نہیں دیکھ سکتے . دور کی چیزوں کا امیج ایٹینا کے پیچھے بنتا ہے. کیویکس لینز استعمال کرکے اس نقص کو درست کیا جاسکتا ہے.

Q8. ریسپٹرز کیا ہیں.

Ans 1: جسم کے مخصوص آرگنز،ٹشوز یا سیلز سٹیمو لائی کا پتہ لگانے کے لیے مخصوص ہوتے ہیں. مثلاً آنکھیں روشنی کا ، کان آواز کی لہروں کا اور ناک ہوا میںموجود کیمیکلز کا پتہ لگاتے ہیں.

Q9. ٹینٹی کی علامات اور وجوہات لکھیں.

Ans 1: ٹینٹی کی وجوہات: اگر پیراتھورمون کی پیداوار میں کمی ہوجائے تو خون کا کیلشیم لیول کم ہوجاتا ہے. اس کا نتیجہ ٹینٹی نکلتا ہے.جس سے مسلز کے فعل پر اثر پڑتا ہے.

Q10. ہائپو تھیلے مس کے افعال تحریر کریں.

Ans 1: ہائپو تھیلے مس کا اہم کام نروس سسٹم اور اینڈو کرائن سسٹم میں تعلق بناتا ہے یہ پچوڑی گلینڈ کی سکریشنز کو کنٹرول کرتا ہے. ہائپو تھیلے مس احساسات جیسے غصہ ، درد، خوشی اور غم کو بھی کنٹرول کرتا ہے.
